اسلامی بہنوں کے آٹھ مدنی کام، مدنی کاموں کے اہداف، مدنی کاموں کا طریقِ کار، مدنی
کاموں کی اہمیت و فضائل پر مشتمل رنگ برنگے مدنی پھولوں سے مالا مال مدنی گلدستہ

# اسلامی بہنوں کے
# آٹھ مدنی کام




پیشکش: مرکزی مجلسِ شوریٰ (دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# اسلامی بہنوں کے آٹھ ۸ مدنی کام

## دُرُود شریف کی فضیلت

حضرت سَیِّدُنا عبدُ اللہ بن عَمْرو رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا فرماتے ہیں: مَنْ صَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاحِدَۃً۔ جو شخص دو ۲ عالَم کے مالِک و مُختار باذنِ پروردگار، مکّی مَدَنی سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر ایک بار دُرُود پاک پڑھے گا: صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَمَلَائِکَتُہٗ سَبْعِیْنَ صَلَاۃً۔ اس پر اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے 70 مرتبہ رَحمت بھیجیں گے۔ [1]

رَحمت نہ کس طرح ہو گناہ گار کی طرف | رحمٰن خود ہے میرے طرف دار کی طرف [2]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## نیکی کی دَعوت کا مَدَنی سَفَر

پیاری پیاری اِسلامی بہنو! اللہ پاک نے اس دِین کی حِفَاظت کے لیے ہر دور میں ایسے اَفراد پیدا کئے، جنہوں نے نہ صِرف اِس دِیْنِ مَتِیْن (مَضْبُوط دین) پر خود عَمَل کیا، بلکہ دوسروں تک اس کی تعلیمات پہنچانے اور نیکی کی دَعْوَت عام کرنے کی بھی بھرپور کوشش فرمائی ہے مگر یاد رکھئے! اللہ پاک ہر چیز پر قادِر ہے، وہ ہرگز ہرگز کسی کا مُحتاج نہیں، اُس نے اپنی

[1] ......مسند احمد، مسند عبد اللہ بن عمرو بن العاص، ۳/۵۹۹، حدیث: ۶۹۲۵

[2] ......ذوقِ نعت، ص ۱۱۱

قُدرتِ کاملہ سے اِس دُنیا کو بنایا، اِسے طرح طرح سے سَجا کر اِس میں اِنسانوں کو بسایا، پھر ان کی ہِدایت کے لیے وَقتاً فوقتاً رُسُل و اَنبیا عَلَیْہِمُ السَّلَام کو مَبْعُوث فرمایا (یعنی بھیجا)۔ وہ اگر چاہے تو اَنبیائے کِرام عَلَیْہِمُ السَّلَام کے بغیر بھی بِگڑے ہوئے انسانوں کی اِصلاح کر سکتا ہے، لیکن اُس کی مرضی کچھ اِس طرح ہے کہ اس کے بندے نیکی کی دَعْوت دیں اور اس کی راہ میں مَشَقَّتیں جھیل کر بارگاہِ عالی سے بُلَند دَرَجات پائیں۔ چُنَانْچِہ اللہ پاک اپنے رَسُولوں اور نبیوں عَلَیْہِمُ السَّلَام کو نیکی کی دَعْوت کیلئے دُنیا میں بھیجتا رہا اور آخِر میں اپنے پیارے حبیب، حبیبِ لبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو مَبْعُوث کیا اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر سِلسِلۂ نبوّت خَتْم فرمایا۔ پھر یہ عَظِیْمُ الشَّان مَنْصَب اپنے پیارے مَحْبُوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی پیاری اُمَّت کے سُپُرد کیا کہ خود ہی آپس میں ایک دُوسرے کی اِصلاح کرتے رہیں اور نیکی کی دَعْوت کے اِس اَہَم فریضے کو سر اَنجام دیں۔ چُنَانْچِہ مکۂ مکرمہ میں مَحْبُوبِ ربِّ داوَر، شَفِیْعِ روزِ مَحْشَر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اپنی اِنْفِرادی کوشش سے اِسْلَام کی دَعْوت کو عام کیا اور اس کام میں صحابۂ کِرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان نے بھی جو اِشَاعَتِ اِسْلَام میں مُعاوَنَت فرمائی وہ اپنی مِثال آپ ہے۔ مِثال کے طور پر جب اس سرزمین میں نُورِ اِسْلَام کی کِرنیں پہنچیں کہ عنقریب جسے دَارُ الْھِجْرَت، مَدِیْنَۃُ النَّبِی اور مَدَنی مَرْکَز بننے کا شَرَف حاصِل ہونے والا تھا، تو وہاں کے رہنے والوں نے بَیْعَتِ عُقْبۂ اُولیٰ کے بعد ہادِیِ عالَم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہِ بیکس پناہ میں عَرض کی: کوئی ایسا مُبَلِّغ ان کے

ہاں بھیجا جائے، جو نہ صِرف ان کے علاقے (Area) میں نیکی کی دَعْوَت عام کرے، بلکہ لوگوں کو قرآنِ کریم کی تعلیمات (Teachings) سے بھی آراستہ کرے چُنانْچِہ **اللہ** پاک کے پیارے حبیب، حبیبِ لبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے حضرت سَیِّدُنا مُصْعَب بِنْ عُمَیْر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کو مُنْتَخَب (Select) فرمایا۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نبوّت کے گیارہویں سال بمُطابِق 620ء کو مدینہ مُنَوَّرہ پہنچے اور صِرف 12 ماہ کے قلیل عرصے میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اِس بہترین انداز میں نیکی کی دَعْوَت عام کی کہ مدینے شریف کا کُوچہ کُوچہ اور گلی گلی ذِکْرِ خُدا و ذِکْرِ مصطفےٰ کے اَنْوَار سے جگمگانے لگا۔ ہر طرف دِیْنِ اِسْلَام کے چرچے پھیل گئے۔ بچّہ ہو یا جوان، ہر ایک کے دِل میں عِشْقِ مصطفےٰ کی شَمْع فروزاں (روشن) ہو گئی۔ پھر حج کے موسم میں آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ 70 اَنصار کا ایک مَدَنی قَافِلہ لے کر بارگاہِ رِسالَت میں حاضِر ہوئے اور یوں بَیْعَتِ عَقَبۂ ثانیہ میں اَنْصارِ مدینہ کے شُرکائے قَافِلہ کو دِیدارِ مصطفےٰ کی دولت پا کر صحابی ہونے کا شَرَف ملا۔ ①

میں مُبَلِّغ بنوں سنّتوں کا، خُوب چرچا کروں سنّتوں کا
یاخُدا! دَرْس دُوں سنّتوں کا، ہو کَرَم! بَہرِ خاکِ مدینہ ②

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

پیاری پیاری اِسْلَامی بہنو! حضرت سَیِّدُنا مُصْعَب بِنْ عُمَیْر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے ذریعے جَلْد اِسْلَام کی دَعْوَت مدینۂ طَیِّبہ کے گھر گھر میں پہنچ گئی، یہ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی اس

۱ ........طبقات کبریٰ، ۳۵-مصعب الخیر ابن عمیر، ذکر بعثۃ رسول اللہ ایاہ الی . . . الخ، ۳/ ۸۸
۲ ........ وسائلِ بخشش (مرمّم)، ص۱۸۹

حد درجہ اِنفرادی کوشش کا نتیجہ تھا، جو آپ نے رات دِن جاری رکھی۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے تَبْلِیغِ قرآن وسنّت کو عام کرنے کے لیے دن رات کی پروا کئے بغیر جب بھی، جہاں بھی نیکی کی دَعْوَت پیش کرنے کے لیے جانا پڑا، کبھی بھی سُستی سے کام نہ لیا۔

سنّت ہے سَفَر دین کی تبلیغ کی خاطر | ملتا ہے ہمیں دَرس یہ اَسفارِ نبی سے[1]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## انفرادی کوشش کا نتیجہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! نیکی کی دَعْوَت کا یہ سَفَر یونہی جاری وساری ہے اور اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ تا قِیامَت جاری رہے گا، صحابۂ کِرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان کے بعد جب بھی پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی دُکھیاری اُمَّت بے عَمَلی کے دَلدَل میں پھنسی تو **اللہ** پاک نے اپنے کسی نیک بندے کے ذَرِیعے اس کی نَجات کی راہیں پیدا فرمائیں۔ چُنَانْچِہ پندرھویں صدی ہجری میں بھی حالات کچھ ایسے ہی ہوئے تو اِن نازُک حالات میں شَیْخِ طَرِیْقَت، اَمِیْرِ اَہلِسُنّت، بانیِ دَعْوَتِ اِسْلَامی حضرت علّامہ مولانا ابو بِلال محمد اِلیَاس عطّار قادِری رَضَوِی ضِیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے دَعْوَتِ اِسْلَامی کے مَدَنی کام کا آغاز کیا۔ آپ **اللہ** پاک ورسولِ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مَحَبَّت میں ڈُوب کر پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی پیاری اُمَّت کی اِصلاح کی خاطر چلتے رہے اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے، آپ کے شب وروز کی کوششوں، دُعاؤں، خوفِ خُدا وعِشقِ مصطفےٰ اور اِخْلَاص واِسْتِقَامَت، حُسْنِ اَخْلَاق وشَفْقَت، غمخواری ومِلَنساری کی بَرَکت

---

[1] ...... وسائلِ بخشش (مرمّم)، ص٤٠٦

سے مسلمان مرد و عورت بِالْخُصُوص نوجوان جوق در جوق دَعْوتِ اِسْلَامی کے مَدَنی ماحول میں شامِل ہونے لگے۔ بے نمازی نمازی بنے، چور، ڈاکو، زانی و قاتِل، جواری و شرابی اور دیگر جرائم پیشہ اَفراد تائب ہو کر مُعاشَرے کے اَچھّے اَفراد بن کر **اللہ** پاک اور اُس کے رسول صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی اِطاعت و فرمانبرداری میں لگ گئے، بے پردہ رہنے والیوں کو حیا کی چادر نصیب ہو گئی، شَرْعی پردہ کرنے کا مَدَنی ذہن بن گیا۔ شرعی پردوں کی مَدَنی بہاریں آ گئیں۔

کریں اسلامی بہنیں شَرْعی پردہ | عَطا اِن کو حیا شاہِ اُمَم ہو[1]

**صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد**

## دَعْوَتِ اِسْلَامی کا مَدَنی سَفَر

پیاری پیاری اِسْلَامی بہنو! تَبْلِیغِ قرآن و سُنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک **دَعْوتِ اِسْلَامی** شَیْخِ طَرِیْقَت، اَمِیْرِ اَہْلِسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی مَدَنی سوچ، اُمَّت کے دَرْد میں سُلگتے دل اور نیکی کی دَعْوت میں حریص طبیعت کا نتیجہ ہے۔ آپ کی تڑپ ہے کہ ہر مسلمان حقیقی طور پر غُلامِ مصطفےٰ کا پٹّہ اپنے گلے میں ڈال لے اور سُنّتوں کی چلتی پھرتی ایسی تصویر نظر آئے کہ اسے دیکھ کر مدینے کا وہ مَنْظَر یاد آجائے، جو مدینے کے پہلے مُبَلِّغ یعنی حضرت سَیِّدُنا مُصْعَب بِنْ عُمَیْر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ کی نیکی کی دَعْوت سے مُتَاَثِّر ہو کر مدینے میں سرکارِ والا تَبار صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آمد کے مَوْقَع پر نَظَر آیا تھا۔ یعنی جس طرح آمدِ سرکار پر ہر طرف خوشیوں کا سماں تھا، عمامے جھنڈے بنا کر لہرائے جا رہے تھے، ہر طرف زبانوں پر

[1] ........ وسائلِ بخشش (مرمّم)، ص ۳۱۳

مَحبَّت و عقیدت کے ترانے تھے، اسی طرح گھر گھر میں عِشقِ مصطفٰے کی ایسی شَمع روشن ہو جائے کہ جس کی روشنی میں راہِ آخِرَت کا ہر مُسافِر اپنی مَنزِل پر رَواں دَواں رہے اور کبھی راستے سے بھٹکے نہ کبھی راستے کی مُشکِلات و مَصائِب سے تھک ہار کر بیٹھے۔ عاشقانِ رسول کی مَدَنی تحریک دَعْوَتِ اِسلامی کا جب آغاز ہوا تو اَوّلاً نہ کوئی شُعْبہ تھا نہ کوئی دَرْسی کِتاب، کوئی مُبَلِّغ تھا نہ کوئی مُعَلِّمہ، مَدَنی مراکِز تھے نہ مَدَارِسُ المدینہ و جامِعات المدینہ، بلکہ کوئی کام کرنے کا واضِح طریقہ کار تک مَوجُود نہ تھا اور اگر یوں کہا جائے کہ دَعْوَتِ اِسلامی حقیقت میں شَیخِ طَرِیْقَت، اَمِیْرِ اَہلِسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی ذاتِ واحِد کا نام تھا تو بے جا نہ ہو گا۔

پیاری پیاری اِسلامی بہنو! یہ اَمِیْرِ اَہلِسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی پُرخلوص دُعاؤں، انتھک کوششوں، بہترین حِکْمَتِ عَمَلی اور مَضْبُوط دَستُورُ العَمَل کا نتیجہ ہے کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ مَدَنی تحریک، مُختَصَر سے عرصے میں ایک مُنَظَّم تنظیم کی شَکْل اِختیار کر چکی ہے، جس کی ذیلی مشاورتوں تا عالمی مجلس مُشَاوَرَت اور مرکزی مَجْلِس شوریٰ ہزاروں ذِمّہ داران اور دُنیا بھر میں لاکھوں لاکھ مُنْسَلِک اِسلَامی بھائیوں کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر نظر آتا ہے، لاکھوں لاکھ اِسلَامی بہنیں بھی پردے میں رہ کر مَدَنی کاموں میں مَصْرُوفِ عَمَل ہیں۔

تنہا چلا تُو ساتھ تیرے ہو گیا جہاں | میٹھا تیرا کلام ہے اِلیاس قادِری

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## سب سے پہلا مدنی کام

سب سے پہلا مَدَنی کام، جس سے شَیخِ طَرِیْقَت، اَمِیْرِ اَہلِسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ

نے دَعْوَتِ اِسْلَامی کے مَدَنی کام کا سلسلہ شروع فرمایا، وہ ہفتہ وار سُنّتوں بھرا اِجتِمَاع ہے، یہاں سے آپ نے اِجتماعی اور اِنفرادی کوشش کے ذَرِیعے نیکی کی دَعْوَت کا سلسلہ بڑھایا، پھر مَساجِد اَہلسنّت میں دَرْس کا سلسلہ شروع ہوا تو اَوَّلاً حُجَّةُ الْاِسْلَام اِمام محمد غزالی رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَیْه کی مشْہُور تصنیف مُکَاشَفَةُ الْقُلُوب سے دَرْس دیا جاتا رہا۔ پھر شَیْخِ طَرِیْقَت، اَمِیْرِ اَہلِسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِیَه نے گوشۂ تنہائی اپنائی اور پیارے آقا صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی پیاری اُمَّت کو بے شُمار سُنّتوں کا مجموعہ **فیضانِ سنّت** کی صُورت میں عطا فرمایا۔ پھر دَعْوَتِ اِسْلَامی کا مَدَنی کام بڑھنے کی بَرَکت سے مُختَلِف شہروں سے اُٹھنے والی عاشقانِ رسول کی مَدَنی تحریک دیکھتے ہی دیکھتے بابُ الاسلام (سندھ)، پنجاب، خیبر پختونخواہ (KPK)، کشمیر، بلوچستان، گلگت بلتستان اور پھر ہند، بنگلہ دیش، عَرَب امارات، سری لنکا، برطانیہ، آسٹریلیا، کوریا جیسے ممالک میں مَدَنی کاموں کی مَدَنی بہاریں لُٹا رہی ہے بلکہ اَلْحَمْدُ لِلّٰه! اس وَقْت دَعوَتِ اِسلامی کا مَدَنی پیغام دُنیا بھر میں پہنچ چکا ہے۔

اے دعوتِ اسلامی تِری دھوم مچی ہو | الله کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں[1]

صَلُّوا عَلَى الْحَبِیب! صَلَّى اللهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## دَعوَتِ اِسلامی کی تنظیمی ترکیب

دَعْوَتِ اِسْلَامی کی تنظیمی ترکیب، ذیلی حلقے سے شروع ہو کر مرکزی مَجلِسِ شوریٰ تک ہے۔ شَیْخِ طَرِیْقَت، اَمِیْرِ اَہلِسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِیَه اس کے بانی ہیں۔ دَعْوَتِ اِسْلَامی

[1] ........ وسائل بخشش (مرمّم)، ص ٣١٥

کی عالیشان عِمارت میں ذیلی حلقہ اس کی بُنیاد اور **مَرْکَزی مَجْلِسِ شُوریٰ** چھت کی حَیثِیَّت رکھتی ہے۔ دَعْوَتِ اِسْلَامی کی مَضْبُوطی میں اگرچِہ اس کا ہر شعبہ اَہَمِیَّت کا حامِل ہے، مگر اس حقیقت کو ہر عام و خاص جانتا ہے کہ عِمارت کی مَضْبُوطی، بُنیاد کی مَضْبُوطی پر مُنْحَصِر ہے۔ چُنانْچِہ بِالْکُل واضِح ہے کہ دَعْوَتِ اِسْلَامی میں ذیلی حلقے کی اَہَمِیَّت کس قَدْر ہے، جس قَدْر ذیلی حلقہ مَضْبُوط ہو گا، اُسی قَدْر دَعْوَتِ اِسْلَامی مَضْبُوط اور تَرَقّی کے مزید زِینے چڑھتی چلی جائے گی اور ذیلی حلقے کی مَضْبُوطی، ذیلی حلقے میں 8 مدنی کاموں کی مَضْبُوطی میں ہے۔

## ذیلی حلقہ کسے کہتے ہیں؟

ہر مَسْجِد اور اُس کے اَطراف کی آبادی، مثلاً رہائشی مکانات، بازار (Market)، اسکول (School)، کالج (College)، سرکاری و سِول اِدارے (Government and Civil Organizations) وغیرہ کو تنظیمی طور پر **ذیلی حلقہ** قرار دیا جاتا ہے۔ بعض اَوقات (Sometimes) دَعْوَتِ اِسْلَامی کی مُتعَلِّقہ مُشَاوَرَت کے نِگران کسی آبادی یا اِدارے وغیرہ کی اَہَمِیَّت کے پیشِ نَظر اُسے الگ سے بھی **ذیلی حلقہ** بنا دیتے ہیں۔

**ذیلی حلقہ مشاورت:** دَرْج ذیل 3 ذِمّہ داران پر مُشْتَمِل ذیلی حلقہ مُشَاوَرَت بنائی جاتی ہے۔

1. ذیلی حلقہ مُشَاوَرَت ذِمّہ دار 2. مَدَنی دورہ ذِمّہ دار 3. مَدَنی اِنْعامات ذِمّہ دار

**مدینہ:** بعض ذیلی حلقوں میں دعوتِ اسلامی کے دیگر شُعْبہ جات کی ذیلی ذِمّہ داران بھی اپنے اپنے شُعْبہ جات اور مَجالِس کے طے کردہ مَدَنی پھولوں کے مُطابِق مَدَنی کام کرتی ہیں، مگر وہ سب بھی ذیلی مُشَاوَرَت ذِمّہ داران کے تَحت ہی ہوتی ہیں۔

## آٹھ مدنی کاموں کی مختصر وضاحت

پیاری پیاری اِسلامی بہنو! عاشقانِ رسول کی مَدَنی تحریک دعوتِ اسلامی سے وَابَستہ ہر اسلامی بہن کا بھی مَدَنی مَقْصَد یہ ہے کہ مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ چُنانچِہ اس مَدَنی مَقْصَد کے حُصُول کے لئے دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجْلسِ شوریٰ کی طرف سے اسلامی بہنوں کو ذیلی حلقے کے 8 مَدَنی کام دیئے گئے ہیں، دِنوں کے اِعْتِبار سے اگر ان کا جائزہ لیا جائے تو ان کی ترتیب کچھ یوں بنتی ہے:

**روزانہ کے 4 مدنی کام:** ❶ انفرادی کوشش ❷ گھر درس ❸ بیان یا مَدَنی مذاکرہ ❹ مَدرَسَۃُ الْمَدِینہ بالغات

**ہفتہ وار 2 مدنی کام :** ❺ ہفتہ وار سُنّتوں بھرا اجتماع ❻ مَدَنی دورہ

**ماہانہ 2 مدنی کام :** ❼ ماہانہ تربیتی حلقہ ❽ مَدَنی اِنْعَامات

آیئے! ان تمام مَدَنی کاموں کا مُخْتَصَر جائزہ لیتی ہیں۔

## روزانہ کے 4 مدنی کام

### ❶ انفرادی کوشش

(روزانہ کم از کم 2 اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش)

دعوتِ اسلامی کے مَدَنی مَاحول میں چند (مثلاً ایک، دو، تین) اسلامی بہنوں کے الگ سے نیکی کی دعوت دینے (یعنی اُنہیں سمجھانے) کو انفرادی کوشِش کہتے ہیں۔

## انفرادی کوشش کی اہمیت

**فرمانِ امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ: دعوتِ اسلامی کا ۹۹% مَدَنی کام انفرادی کوشش کے ذَرِیعے ہی مُمکن ہے۔[1]

پیاری پیاری اِسلامی بہنو! واقعی انفرادی کوشش اجتماعی کوشش سے کہیں زِیادہ مُؤَثِّر ثابِت ہوتی ہے۔ کیونکہ بارہا دیکھا گیا ہے کہ وہ اسلامی بہن جو بَرَسہا بَرَس سے اجتماع میں شریک ہونے کی سَعادَت حاصِل کر رہی تھی۔ اِس نے دورانِ بیان دی جانے والی مُختَلِف ترغیبات مَثَلاً پانچ وَقت نَماز پڑھنے رمضان کے روزے رکھنے اور مَدَنی اِنْعامات پر عَمَل کرنے وغیرہ پر لَبَّیْک کہتے ہوئے نِیَّت بھی کی مگر اس کے باوُجود عملی قدم اُٹھانے میں ناکام رہی۔ لیکن جب کسی نے ان سے ملاقات کر کے انفرادی کوشش کرتے ہوئے بتدریج مذکورہ بالا اُمور کی ترغیب دی تو وہ ان پر عَمَل کرنے والی بنتی چلی گئی۔ گویا اجتماعی کوشش کے ذَرِیعے لوہا گرم ہوا اور انفرادی کوشش کے ذَرِیعے اس گرم لوہے پر چوٹ لگائی گئی۔ اِسی طرح اجتماعی کوشش کے مقابلے میں ایک یا دو اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش کرنا بے حد آسان ہے کیونکہ کثیر اسلامی بہنوں کے سامنے بیان کرنا ہر ایک کے بس کی بات نہیں جبکہ انفرادی کوشش ہر ایک کر سکتی ہے۔ خواہ اسے بیان کرنا آتا ہو یا نہ آتا ہو، اس انفرادی کوشش کے نتیجے میں تنظیمی فوائد کے عِلاوہ ہمیں درج ذیل فوائد بھی حاصل ہونگے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

---

[1] ........ انفرادی کوشش مع 25 حکایاتِ عطاریہ، ص ۲۲

① حضرتِ سَیِّدُنا اَنَس بن مالک رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے رِوایت ہے کہ رحمتِ کونین صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: نیکی کی طرف رَہنُمائی کرنے والا بھی نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔[1]

مُفَسِّرِ شہیر، حکیمُ الاُمَّت حضرتِ مُفْتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: یعنی نیکی کرنے والا، کرانے والا، بتانے والا (اور) مَشْوَرہ دینے والا سب ثواب کے مُسْتَحِق (یعنی حقدار) ہیں۔[2]

② حُجَّۃُ الْاِسلام حضرت سَیِّدُنا امام غزالی رَحمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نَقْل فرماتے ہیں: حضرت سَیِّدُنا موسٰی عَلَیْہِ السَّلَام نے بارگاہِ الٰہی میں عَرض کی: یااللہ! جو اپنے بھائی کو بلائے، اسے نیکی کا حکم دے اور بُرائی سے منع کرے تو اس کی جزا کیا ہے؟ اِرشاد فرمایا: میں اسکی ہر بات پر ایک سال کی عِبادت کا ثواب لکھتا ہوں اور اسے جہنّم کی سزا دینے میں مجھے حیا آتی ہے۔[3]

## 2 گھر درس

(ہدف فی ذیلی حلقہ: کم از کم ایک اسلامی بہن ہدف فی ذیلی حلقہ: 12 گھر درس)

شَیخِ طَرِیقَت، اَمِیرِ اَہلسُنَّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی چند کُتب ورَسائِل کے عِلاوہ باقی تمام کُتب ورسائل بِالْخُصُوص فیضانِ سُنّت سے گھر میں درس دینے کو تنظیمی اِصطلاح میں گھر درس کہتے ہیں۔ گھر درس بھی فروغِ علمِ دِین کی ہی ایک کڑی ہے، جس کے لیے ہر اسلامی

[1] ......ترمذی، ابواب العلم، باب ما جاء الدال علی الخیر کفاعلہ، ص۶۲۸، حدیث: ۲۶۷۰

[2] ...... مِراٰۃ المناجیح، علم کی کتاب، پہلی فصل، ۱/ ۱۹۴

[3] ......مکاشفۃ القلوب، ۱۵–باب فی الامر بالمعروف والنھی عن المنکر، ص ۶۵

بہن کو روزانہ کم از کم ایک گھر درس کی ترکیب بنانے کی ترغیب دلائی جائے۔

شَیخِ طَرِیقَت، اَمِیرِ اَہلسُنَّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی کتب ورسائل سے مدنی درس دیا جائے۔ البتہ! بعض کتب ورسائل سے درس دینے کی اجازت نہیں، ان میں سے چند ایک یہ ہیں: (1) کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب (2) 28 کلماتِ کفر (3) گانوں کے 35 کفریہ اشعار (4) پردے کے بارے میں سوال جواب (5) چندے کے بارے میں سوال جواب (6) عقیقے کے بارے میں سوال جواب (7) استنجا کا طریقہ (8) نماز کے احکام (9) اسلامی بہنوں کی نماز (10) ذکر والی نعت خوانی (11) نعت خواں اور نذرانہ (12) قومِ لُوط کی تباہ کاریاں (13) کپڑے پاک کرنے کا طریقہ مع نجاستوں کا بیان (14) رفیقُ الحَرَمین (15) رفیق المعتمرین (16) حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول۔

نیز یاد رکھئے کہ شَیخِ طَرِیقَت، اَمِیرِ اَہلسُنَّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی کُتُب ورسائل کے عِلاوہ کسی اور کتاب سے درس دینے کی مرکزی مجلسِ شوریٰ کی طرف سے اِجازت نہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## گھر درس کے 14 مدنی پھول

(1) فرمانِ مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم جو شخص میری اُمّت تک کوئی اِسلامی بات پہنچائے تاکہ اُس سے سُنّت قائم کی جائے یا اُس سے بدمذہبی دور کی جائے تو وہ جنّتی ہے۔[1]

(2) سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشَاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس کو تروتازہ رکھے

[1] ......حلیۃ الاولیاء، طبقات اھل المشرق، ۴۵۸-ابراھیم الھروی، ۱/۴۵، رقم: ۱۴۴۶۶

جو میری حدیث سُنے، یاد رکھے اور دوسروں تک پہنچائے۔[۱]

3 حضرتِ سَیِّدُنا اِدْرِیس عَلٰی نَبِیِّنَاوَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے مُبارَک نام کی ایک حِکْمَت یہ بھی ہے کہ آپ عَلَیْہِ السَّلَام **اللہ** پاک کے عطا کردہ صحیفے لوگوں کو کثْرت سے سُنایا کرتے تھے لہٰذا آپ عَلَیْہِ السَّلَام کا نام ہی اِدْرِیس (یعنی دَرْس دینے والا) ہو گیا۔

4 حضورِ غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: **دَرَسْتُ الْعِلْمَ حَتّٰی صِرْتُ قُطْبًا**۔ (یعنی میں عِلْم سیکھتا رہا یہاں تک کہ مقامِ قُطْبِیَّت پر فائز ہو گیا)

5 درس دینا بھی دعوتِ اسلامی کا ایک مَدَنی کام ہے۔ گھر، مدرسہ، اسکول، کالج وغیرہ میں (پردے کی اِحتیاط کے ساتھ) وَقْت مُقرَّر کر کے درس کے ذَرِیعے خوب خوب سُنّتوں کے مَدَنی پھول لٹائیے اور ڈھیروں ثواب کمائیے۔

6 روزانہ کم از کم دو۲ مَدَنی درس دینے یا سُننے کی سَعادت حاصِل کیجیے۔ (ان دو۲ میں ایک گھر درس ضرور ہو)

7 پارہ 28 سُورۃ التّحریم کی چھٹی آیت میں اِرشَاد ہوتا ہے۔

**یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَ اَهْلِیْكُمْ نَارًا وَّ قُوْدُهَا النَّاسُ وَ الْحِجَارَةُ**

ترجمۂ کنز الایمان: اے ایمان والو! اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کو اُس آگ سے بچاؤ جس کے ایندھن آدمی اور پتھر ہیں۔

اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو دوزخ کی آگ سے بچانے کا ایک ذَرِیْعَہ گھر درس بھی ہے۔

---

[۱] ......... ترمذی، ابواب العلم، باب جاء فی الحث علی التبلیغ السماع، ص۶۲۲، حدیث: ۲۶۵۶

8 تمام اسلامی بہنیں اپنے گھر والوں کو (جن میں نامحرم نہ ہوں) پر انفرادی کوشش کر کے گھر درس میں شِرْکَت کرنے کے لئے تیّار کریں، مگر اس کے لئے ضد نہ کی جائے کیونکہ بے جا ضد اور غصّے سے کام بگڑ جاتا ہے۔

ہر بنا کام بگڑ جاتا ہے نادانی میں | ہے فلاح و کامرانی نرمی و آسانی میں

❀ گھر درس شروع کرنے کیلئے گھر کے اس مَحْرَم فرد پر پہلے کوشش کی جائے، جسکے دل میں آپ کیلئے کچھ نَرم گوشہ ہو، اگر وہ شامل ہو جائے گا تو آہِسْتَہ آہِسْتَہ دوسرا بھی شامل ہو گا یوں تعداد بڑھتی جائے گی لیکن یہ مُعَامَلہ صَبْر آزما ہے، اس میں صَبْر کا دامن تھامے رکھنا ہو گا۔

9 دَرْس ہمیشہ ٹھہر ٹھہر کر اور دھیمے انداز میں دیجیے۔

10 جو کچھ دَرْس دینا ہے، پہلے اُس کا کم از کم ایک بار مُطالعہ کر لیجیے تا کہ غَلَطیاں نہ ہوں۔

11 مُعرَّب اَلفاظ (یعنی جن لفظوں پر زَبَر، زیر اور پیش لکھا ہوا ہے ان کو) اِعْراب کے مُطابِق ہی اَدا کیجیے، اس طرح اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ تَلَفُّظ کی دُرُسْت ادائیگی کی عادت بنے گی۔

12 حمد و صلوٰۃ، دُرُود و سلام کے چاروں صیغے آیتِ دُرُود اور اِختتامی آیات وغیرہ کسی سُنّی، عالمہ یا قاریہ کو ضَرور سنا دیجیے۔ اِسی طرح عَرَبی دُعائیں وغیرہ جب تک دُرُسْت تجوید والی اسلامی بہن کو نہ سُنا لیں، اکیلے میں اپنے طور پر بھی نہ پڑھا کریں۔

13 درس مع اختتامی دُعا سات مِنَٹ کے اندر اندر مُکَمَّل کر لیجیے۔

14 ہر مُعَلِّمہ (درس دینے والی) کو چاہیے کہ وہ درس کا طریقہ، بعد کی ترغیب اور اِختتامی دُعا زبانی یاد کر لے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## گھر میں درس دینے کے مقاصد

پیاری پیاری اِسلامی بہنو! بقدرِ ضرورت عِلمِ دین سیکھنا، چُونکہ ہر مرد و عورت پر فرض ہے، لٰہذا ضروری علمِ دین سیکھنے کے لئے گھر دَرس ایک بہُت بڑا ذَرِیعہ ہے۔ چُنانچِہ گھر دَرس دینے کے مقاصد درج ذیل ہیں:

❀ دَرس دینے کا سب سے بڑا مقصد **اللہ** و رسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی رِضا ہے۔

❀ اس کے ذَرِیعے گھر والوں کو اَہلِ مَحبّت بلکہ حقیقی معنوں میں دَعوتِ اسلامی والا بنانا ہے۔

❀ شُرکائے درس کو مَدَنی اِنْعَامَات پر عَمَل اور روزانہ فِکرِ مدینہ کر کے مَدَنی انعامات کا رسالہ پُر کرنے کی ترغیب دِلانی ہے اور محارم کو مَدَنی قافلے میں سَفر کرنے اور کروانے کے ساتھ ساتھ دِیگر مدنی کاموں میں عملی طور پر شامل ہونے کا ذہن بھی دینا ہے۔

❀ شُرکائے درس کو دَعْوتِ اسلامی کا مُبَلِّغ و مُعَلِّم/ مُبَلِّغہ و مُعَلِّمہ بنانا ہے۔

الٰہی ہر مُبلّغ پیکرِ اِخلاص بن جائے | کَرَم ہو دعوتِ اسلامی والوں پر کرم مولیٰ [1]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## مدنی درس دینے کا طریقہ

(فیضانِ سُنّت اور امیرِ اہلسنّت کی دِیگر کُتُب و رسائل سے درس دینے کو مَدَنی درس کہا جاتا ہے۔)

**درس دینے والی کے لیے ہدایات:** درس دینے والی بریکٹ ( ) میں جو تحریر ہے اُسے پڑھنے کے بجائے عمل کریں۔ (تین۳ بار اس طرح اِعلان فرمایئے) قریب قریب تشریف لایئے۔

[1] ......وسائلِ بخشش (مرمّم)، ص۹۹

(پھر پردے میں پردہ کئے دو زانو بیٹھ کر اس طرح اِبتدا کیجئے)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

**(اِس کے بعد اِس طرح دُرُود وسلام پڑھائیے:)**

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا نَبِیَّ اللّٰہ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَا نُوْرَ اللّٰہ

(پھر اس طرح کہئے)

قریب قریب آکر مَدَنی درس کی تعظیم کی نِیَّت سے ہو سکے تو دو زانو بیٹھ جائیے، اگر تھک جائیں تو جس طرح آپ کو آسانی ہو اُسی طرح بیٹھ کر نگاہیں نیچی کئے تَوَجُّہ کے ساتھ مَدَنی درس سنئیے کہ لاپرواہی کے ساتھ اِدھر اُدھر دیکھتے ہوئے، زمین پر اُنگلی سے کھیلتے ہوئے، لِباس، بدن یا بالوں وغیرہ کو سہلاتے ہوئے سننے سے اس کی بَرَکتیں زائل ہونے کا اندیشہ ہے۔(بیان کے آغاز میں بھی اِسی انداز میں ترغیب دِلائیے) یہ کہنے کے بعد فیضانِ سُنّت وغیرہ سے دیکھ کر درود شریف کی ایک فضیلت بیان کیجئے۔(پھر کہئے!)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

(جو کچھ لکھا ہوا ہے وُہی پڑھ کر سنائیے۔ آیات وعَرَبی عِبارات کا صرف ترجمہ پڑھئے۔ کسی بھی آیت یا حدیث کا اپنی رائے سے ہرگز خُلاصہ مت کیجئے)

## مدنی درس کے آخر میں اِس طرح ترغیب دلائیے!

(ہر معلمہ کو چاہیئے کہ زبانی یاد کرلے اور درس وبیان کے آخر میں بِلا کمی وبیشی اِسی طرح ترغیب دلایا کرے)

خوفِ خدا وعِشقِ مصطفٰے کے حُصُول کیلئے ہر ہفتے کو عشا کی نماز کے بعد اَمِیرِ اَہلِسُنّت کا مَدَنی مذاکرہ دیکھنے سننے، دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اِجتِماع میں بہ نِیّتِ ثواب شِرْکت اور روزانہ فِکْرِ مدینہ کے ذَرِیعے **نیک بننے کا نسخہ** بنام مَدَنی اِنعامات کا رسالہ پُر کر کے ہر اسلامی ماہ کی پہلی تاریخ کو اپنے یہاں کی ذمّے دار کو جَمع کروانے کا مَعْمُول بنالیجئے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اِس کی بَرَکت سے پابندِ سُنّت بننے، گناہوں سے نَفْرت کرنے اور ایمان کی حِفَاظَت کیلئے کُڑھنے کا ذِہن بنے گا۔ ہر اسلامی بھائی اور اسلامی بہن اپنا یہ مَدَنی ذہن بنائے کہ **مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے**۔اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ۔ اپنی اصلاح کی کوشش کے لئے مَدَنی اِنْعَامَات پر عَمَل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لئے محارم کو مَدَنی قافلوں میں سَفَر کروانا ہے۔اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

اللہ کرم ایسا کرے تجھ پہ جہاں میں | اے دعوتِ اسلامی تیری دُھوم مچی ہو

**اٰمین بجاہِ النبی الامین** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

آخر میں خُشُوع و خضوع (خشوع یعنی بدن کی عاجزی اور خضوع یعنی دل و دماغ کی حاضری) کے ساتھ دعا میں ہاتھ اُٹھانے کے آداب بجالاتے ہوئے بِلا کمی و بیشی اس طرح دعا مانگئے:

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ**

**یاربِّ مصطفٰے! بطفیلِ مصطفٰے** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہماری، ہمارے ماں باپ کی اور ساری اُمَّت کی مَغْفِرَت فرما۔ یا اللہ پاک درس کی غلطیاں اور تمام گناہ معاف فرما، ہمیں عاشِقِ رسول، پرہیز گار اور ماں باپ کا فرماں بردار بنا۔ یا اللہ پاک! ہمیں مَدَنی

اِنْعامات پر عَمَل کرنے اور اپنے محارم کو مَدَنی قافلوں میں سَفَر کروانے اور انفرادی کوشش کے ذَرِیعے دوسروں کو بھی مَدَنی کاموں کی ترغیب دلانے کا جذبہ عطا فرما۔ یااللہ پاک! مسلمانوں کو بیماریوں، قَرض داریوں، بے روزگاریوں، بے اولادیوں، جھوٹے مقدموں اور طرح طرح کی پریشانیوں سے نَجات عطا فرما۔ یااللہ پاک! اسلام کا بول بالا کر۔ یااللہ پاک! ہمیں دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول میں اِستِقامت عطا فرما۔ یااللہ پاک! ہمیں زیرِ گنبدِ خضرا جلوۂ محبوب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم میں شہادت، جنّتُ البقیع میں مَدفن اور جنّتُ الفردوس میں اپنے مَدَنی حبیب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا پڑوس نصیب فرما۔ یااللہ پاک! مدینے کی خوشبودار ٹھنڈی ہواؤں کا واسطہ ہماری جائز مُرادوں پر رحمت کی نَظَر فرما۔

کہتے رہتے ہیں دعا کے واسطے بندے ترے
کردے پوری آرزو ہر بیکس و مجبور کی [1]

اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

شِعر کے بعد یہ آیتِ مُبارکہ پڑھئے: اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓىٕكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِیِّؕ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ﴿۵۶﴾ (پ۲۲، الاحزاب: ۵۶)

سب دُرُود شریف پڑھ لیں تو پھر پڑھئے: سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَۚ ﴿۱۸۰﴾ وَ سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِیْنَۚ ﴿۱۸۱﴾ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۠ ﴿۱۸۲﴾ (پ۲۳، الصّٰفّٰت: ۱۸۰تا۱۸۲)

(آخر میں کلمہ پڑھ کر سنّت پر عَمَل کی نِیّت سے منہ پر دونوں ہاتھ پھیر لیجئے)

---

[1] ...... وسائلِ بخشش (مرمّم)، ص۹۹

**دعائے عطار:** یا **اللہ** پاک! مجھے اور جو گھر درس دیتے ہیں یا دیتی ہیں ان سب کو بلکہ ہم سب کو اپنے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پڑوس میں جنّتُ الفردوس میں جگہ عطا فرما۔ یا **اللہ** پاک! جو رہتی دنیا تک دعوتِ اسلامی سے وابستہ رہتے ہوئے گھر درس کی ترکیب کرتا رہے گا ان کے حق میں بھی میری یہ ٹوٹی پھوٹی دعا قبول کر لے۔

اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## 3 بیان یا مدنی مذاکرہ

شَیخِ طریقت، اَمیرِ اَہلِسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی ذاتِ مُبارکہ پر **اللہ** پاک اور رسولِ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا خاص کرم ہے۔ آپ کی تحریر کے ساتھ ساتھ آپ کی زبانِ مُبارک میں بھی **اللہ** پاک نے ایسی تاثیر عطا فرمائی ہے کہ کئی گناہ گار آپ کے سُنّتوں بھرے بیانات اور مَدَنی مذاکروں کی بَرَکت سے تائب ہو کر نیکیوں پر گامزن ہو چکے ہیں، نیکو کاروں کی رِقّتِ قلبی میں اضافہ ہوتا ہے آپ کی صُحبت اصلاحِ اعمال کا سَبَب بنتی ہے۔ آپ کے فیضان سے دیگر مبلّغینِ دعوتِ اسلامی کے بیانات بھی اصلاحِ معاشرہ کا ذَرِیعہ بنتے ہیں، اسی لئے دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول میں ہر اسلامی بہن کو روزانہ کم از کم ایک بیان یا مدنی مُذاکَرہ سُننے کی ترغیب دلائی جاتی ہے تاکہ اس کے ذَرِیعے اپنی اصلاح کے مَدَنی پھول چننے کی سَعادت حاصل ہو۔

شَیخِ طریقت، اَمیرِ اَہلِسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ سے عقائد و اعمال، شَریعت و طریقت،

تاریخ وسیرت، طبابت ورُوحانیت وغیرہ مُختَلِف موضوعات پر سوالات (Questions) کئے جاتے ہیں اور آپ ان کے جوابات (Answers) عطا فرماتے ہیں، اس کو دَعْوتِ اِسْلَامی کی اِصْطِلَاح میں **مَدَنی مُذاکَرہ** کہا جاتا ہے اور بروز ہفتہ (Saturday) بعدِ عشا ہونے والے مَدَنی مذاکرے کو **ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ** کا نام دیا گیا ہے۔ (ہر **عیسوی ماہ کے پہلے ہفتہ وار مَدَنی مذاکرے** میں بِالْخُصُوص **اسلامی بہنوں** سے متعلقہ سوالات مَدَنی مُنّوں یا مدنی مُنّیوں یا SMS وغیرہ کے ذَرِیعے بھی شامِل کئے جاتے ہیں۔)

## ”فیضانِ مَدَنی مُذاکرہ جاری رہے گا“ کے 24 حُروف کی نِسبت سے مجلس مَدَنی مُذاکرہ کے چوبیس مَدَنی پھول ﴿عالمی مجلس مشاورت (دعوت اسلامی)﴾

1 فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: **نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ** یعنی مسلمان کی نیت اسکے عمل سے بہتر ہے۔[1] اس لئے **مجلس مَدَنی مُذاکرہ** کی ہر سَطْح کی ذِمّہ دار اَمیرِ اَھلِسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ **63 مدنی انعامات** میں سے **مدنی انعام نمبر 1** پر عَمَل کرتے ہوئے یہ نِیَّت کرتی رہے کہ **میں اللہ پاک کی رضا اور اُسکے پیارے حبیب** صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم **کی خوشنودی کیلئے دعوت اسلامی کی مجلس مَدَنی مُذاکرہ کا مدنی کام مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مُطابِق کروں گی۔** اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ۔ جو ذمہ داری

[1] ......... معجم کبیر، یحیی بن قیس الکندی عن ابی حازم، ۵۲۵/۳، حدیث: ۵۸۰۹

ہمیں دی گئی ہے اس کے تقاضے پورے کرنا ہم پر اخلاقی و تنظیمی طور پر لازم ہے۔[1]

2 **مجلس مَدَنی مُذاکرہ کا مدنی کام:** دَعْوَتِ اِسْلَامی کے مدنی ماحول سے وَابَستہ ہر مُنْسلِک اور ذِمَّہ دار (ذیلی حلقہ تا عالمی، ہر شعبہ، مدنی تربیت گاہ، جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ، مدرسۃ المدینہ آن لائن (للبنات) کی اساتذہ، ناظمات، طالبات، مدنی عملہ وغیرہ) بلکہ تمام عاشقاتِ رسول کو بھی مَدَنی مُذاکرہ سُننے کا عادی بنانا ہے۔

☆ہماری ذِمَّہ داری کے حوالے سے جو بھی مدنی پھول ہمیں ملتے ہیں وہ ہمیں حفظ ہونے چاہئیں، تبھی ہمارے مدنی کام ترقی کر سکیں گے مدنی پھول سمجھا کر آگے بڑھائے جائیں، مدنی پھولوں میں دیئے گئے مدنی کاموں کی پوچھ گچھ ہو، یوں مدنی کام کرتے کرتے مدنی پھول ذہن نشین ہو جائیں گے۔[2]

3 مجلس مَدَنی مُذاکرہ کی ذِمَّہ داران، دیگر فَرْض عُلُوم کے ساتھ ساتھ اَمِیرِ اَہلِسُنَّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی تمام کُتُب و رسائل کا مُطَالَعَہ کریں، اپنے ذاتی مسائل کے عِلاوہ شعبے سے تَعَلُّق رکھنے والے شرعی مسائل طے شُدہ طریقِ کار کے مطابق دار الافتا اہلسنّت سے حل کروائیں۔

4 ہفتہ وار مَدَنی مُذاکرے اور مَخْصُوص مواقع (مَثَلًا محرم الحرام کے 10، ربیع الاول کے 12، ربیع الآخر کے 11، رمضان المبارک میں روزانہ بعد عصر اور بعدِ عشاء ہونے والے اور ذوالحجۃ الحرام کے 10) مدنی مذاکرے نہ صرف خود دیکھیں بلکہ دیگر اسلامی بہنوں کو بھی دیکھنے

---

[1] ...... مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، 31 جنوری تا یکم فروری 2016ء

[2] ...... مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، 14 اپریل 2016ء

کی ترغیب دِلائیں۔

☆ عام اسلامی بہنوں کو ترغیب ضرور دلائی جائے مگر کارکردگی صرف ذمہ داران سے لی جائے اس کا یہ فائدہ ہوگا کہ ذمہ دار پابند بھی ہوں گی اور درست کارکردگی سامنے آئے گی۔ ☆ **مدنی مذاکرے، فرض عُلوم اور دعوتِ اسلامی کے مدنی کام سیکھنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔**[1] ☆ مدنی مذاکرے کے ذریعے آپ تنظیم سیکھیں گے۔ ☆ میں مدنی مذاکروں کے ذریعے اپنے تجربات سے آپ کو آگاہ کر رہاہوں، آپ لینے والے بنیں۔ ☆ نعمت کی قدر محرومی کے بعد ہوتی ہے۔[2]

5 **مجلس مَدَنی مُذاکرہ ذِمَّہ دار** (ذیلی تا عالمی سطح) **مدنی مذاکرے سُننے کی یاد دہانی بذریعہ** sms، **میل یا بِالمُشافہ کرواتی رہیں اور اپنی ماتحت اسلامی بہنوں کا یہ ذہن بھی بنائیں کہ ہفتہ وار مدنی مذاکرہ و مخصوص مواقع کے مدنی مذاکروں کو اپنی ڈائری یا رجسٹر میں لکھ کر محفوظ بھی کرتی رہیں اور شَیخِ طَرِیْقَت، اَمِیرِ اَھلِسُنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ **جن مدنی کاموں کی ترغیب دلائیں اُن پر عمل کی نیّت کرکے اُس کام کو بجالائیں اور پھر اُس مدنی کام کو اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو بھی لکھوادیں۔**

6 **مجلس مَدَنی مُذاکرہ ذِمَّہ دار** (علاقہ سَطح) **تمام ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اِجتماعات میں اِعلانات** (اعلانات تیار کرنے والی اس کو 4 ہفتوں میں تقسیم کرلیں) **کے ذریعے ہفتہ وار مدنی مذاکرے اور مَخْصُوص مدنی ماہ (مُحَرَّمُ الْحَرَام، رَبِیْعُ الْاَوَّل، رَبِیْعُ الْآخَر، رَمَضَانُ الْمُبَارَک اور ذُو الْحَجَّۃُ الْحَرَام) میں مدنی چینل پر پیش کئے جانے والے مدنی**

[1] ......... مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، 3 تا 7 جنوری 2011ء

[2] ......... مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوریٰ، 23 تا 26 دسمبر 2016ء

مذاکرے دیکھنے/ سُننے کی بھرپور ترغیب دلائیں۔ (نمونۃً مدنی مذاکرہ سُننے کے لئے ترغیبی اعلان اسی رسالے میں موجود ہے)

7 مَدَنی مُذاکرہ سُننے کے لئے درج ذیل ذرائع اِختیار کئے جاسکتے ہیں:

☆ مدنی مذاکرہ سُننے کے دوران اگر لائٹ جانے کا وقت ہو تو ایسی صورت میں UPS / جنریٹر کی سہولت ہو تو اُس ذریعے سے ☆ انٹرنیٹ کی سہولت ہو تو chargeable لیپ ٹاپ / Tablet PC کے ذریعے ☆ مدنی چینل ریڈیو ایپلی کیشن کے ذریعے ☆ فون کے ذرائع: مختلف Radio Station کے ذریعے مثلاً

| | |
|---|---|
| Warid.i کے صارفین : | 303017 ڈائل کرکے (اس پر کوئی چارج نہیں) |
| Ufone.ii کے صارفین : | 7774 ڈائل کرکے |
| Jazz.iii کے صارفین : | 30306 ڈائل کرکے (اس پر کوئی چارج نہیں) |
| Telenor.iv کے صارفین : | 78798 ڈائل کرکے |

کوشش کی جائے کہ ہر ہفتے یا کم از کم ماہ میں ایک بار msg کے ذریعے سب کو درج بالا سُہُولَت سے آگاہ کیا جائے۔

8 مختلف Call Packages کے ذریعے اگر دوسرے علاقے میں کہیں لائٹ ہو تو T.V. کے پاس فون کو رکھ کر سُننے کی ترکیب بنائی جائے۔

9 اگر کسی عُذر کے سبب مدنی مذاکرہ Live نہ سُن پائیں تو اگلے دن Repeat ہونے پر سُن لیا جائے۔ یا بصورتِ دیگر website سے download کیا جاسکتا ہے۔

☆ البتہ live مدنی مذاکرہ record کرنے کی مجلس مدنی مذاکرہ کی طرف سے اِجازَت نہیں ہے۔

10 ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن خود بھی اور اپنی ماتحت اسلامی بہن کو یہی ترغیب دلائیں کہ اپنی گھریلو ذمّہ داریوں اور مدنی کاموں کی دن بھر میں اس طرح ترکیب بنائیں کہ مدنی مذاکرے کے دوران کسی بھی قسم کی ترکیب نہ بنائی جائے۔

☆ نیند کی قربانی دے کر اوّل تا آخر مکمل مدنی مذاکرہ سُننے کی ترکیب بنائی جائے۔

11 ہر سَطح کی مجلس مدنی مذاکرہ ذِمَّہ داران live مدنی مذاکرے سننے کے ساتھ ساتھ روزانہ اَمِیرِ اَہلِسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کا ایک مدنی مذاکرہ vcd/dvd وغیرہ خود بھی سنیں اور گھر والوں کو بھی سننے کی ترغیب دلائیں۔

☆ اَمِیرِ اَہلِسُنّت کے مدنی مذاکرے یا بیانات software cd's اور میموری کارڈ، نیز ویب سائٹ www.dawateislami.net اور www.ilyasqadri.net سے حاصِل کئے جاسکتے ہیں۔ ☆ جو روزانہ ایک بیان یا مدنی مذاکرہ سُنے اَمِیرِ اَہلِسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ اس سے بے اِنتہا خوش ہوتے ہیں۔ (رسالہ مدنی انعامات صفحہ نمبر 19) ☆ اَمِیرِ اَہلِسُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ فرماتے ہیں: ایک بار سننے سے بھی گزارہ نہیں، اس کو بار بار سنتے رہیں اسے اپنی خوراک بنالیں، بیانات و مدنی مذاکرے کو سننا اگر خوراکِ روحانی بنالیا تو علاقے میں مدنی کام نہ صرف بڑھے گا بلکہ دوڑے گا نہیں نہیں اس کو تو پَر لگ جائیں گے اور وہ اڑتا ہوا جانبِ مدینہ رواں دواں ہو جائے گا۔ (مدنی مذاکرہ نمبر 65)

12 گھر میں dvd/vcd بیان یا مدنی مذاکرہ سننے سنانے کے لئے ایسا وَقت مُقرَّر کیا جائے جس میں گھر والوں کی دیگر مصروفیات کم ہوں تا کہ مُکَمَّل یکسوئی اور تَوَجُّہ کے ساتھ بیان سننے کی ترکیب بنائی جاسکے۔

13 ماہانہ تربیتی حلقے میں، مَدرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ (بالغات) میں ہفتہ وار اور جَامِعَۃُ الْمَدِیْنَہ

(للبنات) میں روزانہ کیسٹ بیان یا مدنی مذاکرہ vcd/dvd سننے کی ترکیب بنائی جائے۔

14 ہر انگریزی ماہ کے پہلے ہفتے میں اسلامی بہنوں کے سوالات چلانے کا سلسلہ ہوتا ہے، یہ سوالات 15 دن پہلے اپنے محارم وغیرہ سے مدنی چینل پر ریکارڈ کروائے جائیں۔ مدنی منیوں کی عمر زیادہ سے زیادہ 7 سال ہو، video بھی کروائے جاسکتے ہیں۔

☆ مدنی منیوں سے جب سوالات ریکارڈ کروائیں تو camera صرف چہرے پر نہ رکھیں، دور سے ریکارڈ کروائیں، مدنی منّی اپنی عمر بھی بتائے نیز جب بھی video ریکارڈ کروائیں تو light کا خاص خیال رکھیں، camera کا رزلٹ دیکھ لیں، camera لٹا کر ریکارڈ کریں، ہاتھ کانپ نہ رہے ہوں اور شور وغُل بھی نہ ہو۔

15 حدیثِ پاک میں ہے: تَہَادَوا تَحَابُّوا یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں مَحَبَّت بڑھے گی۔[1] پر عَمَل کی نیّت سے ہر ماہ مدنی مذاکرہ سُننے والی اسلامی بہنوں کی تعداد میں اِضافہ ہونے کی صورت میں مُمکنہ صورت میں ذاتی رقم سے ترکیب بنا کر مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کُتُب و رسائل اور Memory Cards, DVDs, VCDs وغیرہ ہر ماہ پابندی سے تقسیم کریں۔ مزید مَکْتَبَۃُ الْمَدِیْنَہ کی دیگر مطبوعہ کُتُب و رسائل خوشی و غمی (شادی، فوتگی، چہلم وغیرہ)، تکلیف و آزمائش (بے روزگاری، بے اولادی و ناچاقی اور بیماری وغیرہ) کے مواقع پر تقسیم کی ترغیب دلانا مُفید ہے۔

16 **ذِمّہ داران کی تقرری کی ترکیب:** مجلس مَدَنی مُذاکرہ کے مدنی کام کے لئے ذِمّہ داران کا تَقَرُّر ذیلی تا عالَمی سَطْح ہے۔

[1] ........ مؤطا امام مالک، کتاب حسن الخلق، باب ماجاء فی المهاجرة، ص ۴۸۳، حدیث: ۱۷۳۱

☆ہر سَطح کی **مجلس مدنی مذاکرہ** ذِمّہ دار اسلامی بہن بُردبار، اطاعت گزار، وفادار، باکردار، بااَخلاق، سلجھی ہوئی، سنجیدہ، اِحساسِ ذِمّہ داری رکھنے والی، شرعی پردہ کرنے والی، ذاتی دوستیوں سے بچنے والی، مدنی انعامات کی عامِلہ بِالْخُصُوص مدنی انعام نمبر 47 کی پابند نیز پابندی کے ساتھ مدنی مذاکرے دیکھنے / سُننے کی عادی، دَعْوتِ اِسْلَامی کے مدنی اُصولوں کی آئینہ دار، اِصطلاحاتِ دعوتِ اسلامی سے واقف، مدنی مشوروں اور تربیتی حلقے کی پابند، اَلْغَرَض سراپا ترغیب ہو، **عملی** طور پر مدنی کاموں میں شریک ہو۔

☆مَجْلِسِ مُشَاوَرَت ذِمّہ دار ہی **مجلس مَدَنی مُذاکرہ** ذِمّہ دار ہو۔

☆کسی بھی **سَطح** اور کسی بھی شعبے پر اسلامی بہن کا **تقرُّر** صرف اس بناپر نہ کیا جائے کہ ان کے محرم (اسلامی بھائی) اس شعبے کے ذِمّہ دار ہیں بلکہ یہ دیکھا جائے کہ کیا وہ اسلامی بہن اس مدنی کام کی اہل ہیں؟ 11 مئی 2009 کے نگرانِ شوریٰ کے مدنی مشورے میں یہ مدنی پھول بھی موجود ہے کہ **اہل اور ہم ذہن** کو مدنی کام دیئے جائیں۔

| ماہانہ مدَنی مشورے کی تاریخیں | سطح | ذمہ دار اسلامی بہن |
|---|---|---|
| 3 | ذیلی حلقہ | مجلس مَدَنی مُذاکرہ ذمہ دار اسلامی بہن (ذیلی سطح) |
| 4 | حلقہ | مجلس مَدَنی مُذاکرہ ذمہ دار اسلامی بہن (حلقہ سطح) |
| 5 | علاقہ | مجلس مَدَنی مُذاکرہ ذمہ دار اسلامی بہن (علاقہ سطح) |
| 7 | ڈویژن | مجلس مَدَنی مُذاکرہ ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن سطح) |
| 9 | کابینہ | مجلس مَدَنی مُذاکرہ ذمہ دار اسلامی بہن (کابینہ سطح) |
| 11 | کابینات | مجلس مَدَنی مُذاکرہ ذمہ دار اسلامی بہن (کابینات سطح) |
| 13 | مُلک | مجلس مَدَنی مُذاکرہ ذمہ دار اسلامی بہن (ملک سطح) |

| | | |
|---|---|---|
| 13 | مُمالک | مجلس مدنی مذاکرہ ذمہ دار اسلامی بہن (ممالک سطح) |
| 15 | عالمی | مجلس مَدَنی مُذاکرہ ذمہ دار اسلامی بہن (عالمی سطح) |

⑰ **ماہانہ اہداف:** ہر سَطح کی مجلس مَدَنی مُذاکرہ ذِمَّہ دار اسلامی بہن ماہانہ اَہداف طے کرے اور اُسے اپنی ذِمَّہ دار اسلامی بہنوں میں تقسیم کر کے خوش دِلی کے ساتھ مَدَنی مُذاکرہ سُننے والیوں کی تعداد میں اِضافہ کرتی رہے۔

⑱ مجلس مدنی مذاکرہ ذِمَّہ داران (ذیلی حلقہ تا عالمی سطح) ہر عیسوی ماہ کی 19 سے 26 تاریخ تک اپنا **پیشگی جدول** اور 2 تاریخ تک اپنا **کارکردگی جدول** اپنی متعلقہ ذِمَّہ دار کو جمع کروائیں۔ (مجلس مَدَنی مُذاکرہ ذمہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) کے **جدول** اور **پیشگی جدول** مدنی پھول برائے ذِمَّہ دار اسلامی بہن میں مَوجُود ہیں۔)

☆ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لئے مقرر کَردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لئے اپنی متعلقہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کی اِجازت ضروری ہے۔

⑲ **کارکردگی فارم کی تاریخیں:** مجلس مدنی مذاکرہ ذمہ داران (ذیلی حلقہ تا عالمی سطح) ماہانہ مدنی مذاکرہ کارکردگی (ذیلی تا عالمی سطح) ہر عیسوی ماہ کی درج ذیل تاریخوں کے مطابق کارکردگی جمع کروائیں:

کابینات سطح:10 ملک سطح:12 ممالک سطح:12 عالمی سطح:14

ماہانہ مدنی مذاکرہ کارکردگی (ذیلی تا عالمی سطح ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

⑳ مجلس مدنی مذاکرہ ذِمَّہ داران (ذیلی تا عالمی سطح)، **ذیلی تا عالمی کارکردگی مجلس مدنی مذاکرہ**

اپنی ماتحت ذِمّہ داران کی کارکردگیوں کو مدِّنظر رکھ کر پُر فرمائیں۔ (یاد رہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مدنی مشورہ نہ ہوسکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنی ذِمّہ دار اسلامی بہن کو کارکردگی پیش کردیں)

☆ مجلس مدنی مذاکرہ ذِمّہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) اپنی ذِمّہ دار اسلامی بہن سے مربوط رہیں، انہیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتی رہیں، جو ذمہ دار سے جتنی زیادہ مربوط رہے گی وہ اُتنی ہی مضبوط ہوتی جائے گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

21 مدنی مذاکرہ ذمہ داران (حلقہ تا عالمی سطح) میں سے جب متعلقہ شعبے کی نئی ذمہ دار کا تقرر ہو تو متعلقہ ذمہ دار مناسب وقت دیکر یہ مدنی پھول سمجھانے کی ترکیب بنائیں جبکہ بیرونِ ممالک میں اُس ملک کی نوعیت کے اعتبار سے خاص خاص مدنی پھول ہائی لائٹ کرکے صرف وہی سمجھائے جائیں۔

22 مدنی مذاکروں کی مدنی بہاروں کو طے شُدہ طریق کار کے مطابق **مَدَنی بَہار فارم** میں لکھ لیا جائے (مدنی بہار فارم پُر کرتے وقت دیکھ لیجئے کہ کوائف (فون نمبر اور ایڈریس وغیرہ) نامکمل تو نہیں، اگر نامکمل ہوں تو ہاتھوں ہاتھ مکمل کروالیجئے اگر کسی مقام پر مدنی بہار فارم موجود نہ ہو تو سادہ کاغذ پر مدنی مرکز کے بیان کَردہ طریق کار کے مطابق لکھوا کر جمع کروادیجئے۔) **نیز مجلس مدنی** مذاکرہ ذِمّہ دار (کابینات سطح) موصول ہونے والی مدنی بہاروں کی تعداد **مجلس مدنی بہاریں ذمہ دار** (کابینات سطح) کو بتادیں۔

23 مجلس مدنی مذاکرہ ذِمّہ داران (ذیلی تا عالمی سطح) اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لیے

درج ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:

☆فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتی رہیں۔فرض علوم سیکھنے کے لئے کتب امیر اہلسنت، بہار شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعے کی عادت بنائیں۔خصوصاً صدر الافاضل مفتی سید محمد نعیم الدین مراد آبادی رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَيْه کی اسلامی عقائد سے متعلق کتاب بنام **کتاب العقائد** (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)، بہار شریعت کا پہلا حصہ، **کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب**، مسائل سیکھنے کے لیے بہار شریعت کے منتخب ابواب اور حصوں کے ساتھ ساتھ امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِيَه کی جملہ کتب ورسائل، اچھے بُرے اخلاق کی معلومات حاصل کرنے کے لیے **باطنی بیماریوں کی معلومات**، اچھے اخلاق حاصل کرنے کے طریقہ پر مبنی مُنجیات کی کتابیں (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ) کا مطالعہ کیجئے۔مطالعہ کرنے کے لیے کچھ وقت مثلاً (صبح 19 منٹ) امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُهُمُ الْعَالِيَه کی کتب ورسائل کے لیے اور اسی طرح دیگر کتب کے لیے بھی کچھ وقت مثلاً (بعد مغرب و قبل طعام 19 منٹ) خاص کیجئے۔

☆بُرقع کی پابندی کریں اور دیدہ زیب بُرقع پہننے سے اجتناب کریں۔

☆ عملی طور پر مدنی کاموں میں شریک ہوں۔روزانہ کم از کم 2 گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کریں، پابندیِ وقت کے ساتھ اول تا آخر ہفتہ وار اجتماعات اور تربیتی حلقے میں شرکت وغیرہ۔

☆اپنی اصلاح کی کوشش کے لئے مدنی انعامات پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لئے اپنے محارم کو عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں ایک ماہ اور ہر ماہ میں کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترغیب دلاتی رہیں۔

☆بلا ناغہ فکر مدینہ کرتے ہوئے عطار کی اجمیری، بغدادی، مکی اور مدنی بیٹی بننے کی سعی جاری رکھیں۔ نیز مستقل قُفلِ مدینہ تحریک میں شمولیت اِختیار کرتے ہوئے ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ

اشارے میں اور کچھ لکھ کر کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ نگاہیں جھکا کر رکھنے کی ترکیب بنائیں۔

☆ مرکزی مجلس شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کریں اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنائیں۔

☆ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 21 اور 24 کی عاملہ بن جائیں۔

☆ **مَدَنی انعام نمبر 21:** کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کی بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی؟

☆ **مَدَنی انعام نمبر 24:** کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بہن) سے برائی صادر ہونے کی صورت میں تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا مَعَاذَ اللہ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کرکے آپ غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھیں؟

## 24 پوچھ گچھ: فرمانِ امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ: پوچھ گچھ مدنی کاموں کی جان ہے۔

☆ مجلس مدنی مذاکرہ ذمہ دار اسلامی بہن (ذیلی تا عالمی سطح) **مدنی پھول برائے ہفتہ وار مَدَنی مُذاکرہ** میں موجود مدنی کام اپنے پاس ڈائری میں بطور یادداشت تحریر فرمالیں یا نُمایاں (ہائی لائیٹ) کرلیں تاکہ بروقت ہر مدنی پھول پر عمل ہوسکے۔

☆ مجلس مدنی مذاکرہ ذمہ دار اسلامی بہن (ذیلی تا عالمی سطح) اپنی ماتحت ذمہ داران سے ماہانہ مدنی مشورے میں بھی پوچھ گچھ فرمائیں کہ ان مدنی پھولوں پر کہاں تک عمل ہوا؟

☆ کمزوری ہونے پر متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم اور آیندہ بہتری کے لئے لائحہ عمل تیار کریں۔

☆ مجلس مدنی مذاکرہ ذمہ دار اسلامی بہن (ذیلی تا عالمی سطح) **مدنی پھول برائے مجلس ہفتہ وار مَدَنی مُذاکرہ** مع تمام ریکارڈ پیپرز Display file میں ترتیب وار رکھ کر محفوظ فرمالیں۔

☆ **مدنی پھول برائے مجلس ہفتہ وار مَدَنی مُذاکرہ** سے متعلق اگر کوئی مدنی مشورہ ہو تو تنظیمی ترکیب کے

مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ مدنی پھول برائے مجلس ہفتہ وار مدنی مذاکرہ سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو تنظیمی ترکیب کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ مجلس مدنی مذاکرہ ذمہ دار اسلامی بہن (کابینہ سطح) شرعی سفر ہونے کی صورت میں بحالتِ مجبوری ٹیلیفونک مدنی مشورے کے ذریعے بھی مدنی پھول سمجھا سکتی ہیں۔

☆ اپنے ملک کے حالات و نوعیت کے مطابق اپنے ملکی نگران اور متعلقہ ممالک ذمہ دار کی اجازت سے ان مدنی پھولوں میں حسبِ ضرورت ترمیم کی جاسکتی ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## 4 مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ بالغات

(ہدف: فی ذیلی حلقہ کم از کم ایک مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ بالغات، شُرکا: 12 اسلامی بہنیں، دورانیہ ایک گھنٹہ 12 منٹ)

دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول میں روزانہ ذیلی حلقے میں بڑی عمر کی اسلامی بہنوں کو دُرُست مَخارِج کے ساتھ قرآنِ کریم پڑھانے کا سلسلہ ہوتا ہے جسے مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ بَالِغات کہتے ہیں۔

پیاری پیاری اِسلامی بہنو! قرآن عربی زبان (Arabic language) میں عربی آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل ہوا۔ رسولِ عربی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اسے عربی لب و لہجے میں پڑھنے کا حکم کچھ یوں اِرشاد فرمایا: اِقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ بِلُحُوْنِ الْعَرَب یعنی قرآن کو عربی لب و لہجے میں پڑھو۔ [1] مگر بدقسمتی! مَخارِج کی دُرُستی کے ساتھ عربی لب و لہجے

[1] ......معجم اوسط، باب المیم من اسمہ محمد، ۵/۲۴۷، حدیث: ۷۲۲۳

میں اب قرآنِ کریم پڑھنے والے بہُت ہی کم ہیں۔ ح اور ہ، ذ، ز، ظ، ض اور ث، س، ص اور ع اور ء، میں فرق کرکے پڑھنے والیاں بہت ہی کم ہیں۔ یادرکھئے! دُرست مَخَارج کے ساتھ قرآن پڑھنا فرض ہے، ح اور ہ، ذ، ز، ظ، ض اور ث، س، ص اور ع اور ء کی ادائیگی میں واضِح فَرْق ہونا چاہیے، لَحنِ جَلِی (یعنی حرْف کو حرْف سے بدلنے کی وجہ) سے اگر معنٰی فاسِد ہو جائیں، تو نَماز بھی فاسِد ہو جاتی ہے۔ چُنَانچہ یہی وجہ ہے کہ وہ اسلامی بہن جو دُرُست مَخَارِج کے ساتھ قرآنِ کریم پڑھنا نہیں جانتیں، انہیں مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ (بَالِغَات) کے تحت دُرُسْت مَخَارِج کے ساتھ قرآنِ کریم پڑھنے پڑھانے کا اِہتمام کیا جاتا ہے۔ کیونکہ دُو جہاں کے تاجور، سلطانِ بحر و بر صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ عالی شان ہے: خَیْرُکُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَ عَلَّمَہٗ یعنی تم میں سب سے بہتر وہ ہے، جس نے قرآن کی تعلیم حاصِل کی اور دوسروں کو اس کی تعلیم دی۔ [1]

**مدنی پھول:** صبح 8 تا اذانِ عصر کسی بھی وَقْت کسی با پردہ مقام پر روزانہ ایک گھنٹہ 12 منٹ مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ (بَالِغَات) کی ترکیب ہونی چاہئے، اگر ذیلی حلقوں میں مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ (بَالِغَات) مضبوط ہو جائیں تو 8 مَدَنی کاموں کی مَدَنی بہاریں آسکتی ہیں۔ (تفصیلی مَعْلُومَات کیلئے مَدْرَسَۃُ الْمَدِیْنَہ (بَالِغَات) کے **26 مدنی پھول** کا مُطَالَعَہ فرمائیں)

رہوں باوضو میں سدا یا الٰہی | دے شوقِ تلاوت دے ذوقِ عِبادت

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

[1] ........ بخاری، کتاب فضائل القران، باب خیر کم من... الخ، ص ۱۲۹۹، حدیث: ۵۰۲۷

# ہفتہ وار 2 مدنی کام

حُجَّۃُ الْاِسلام حضرت سَیِّدُنا امام محمد بن محمد غزالی رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ مِنْہَاجُ الْعَابِدِیْن میں فرماتے ہیں: مسلمانوں کی اِجتماعی عِبادَت سے دین کو تَقْوِیَت پہنچتی ہے، اِسْلام کا جمال ظاہر ہوتا ہے اور کُفّار و مُلْحِدِیْن (بے دین) مسلمانوں کا اجتماع دیکھ کر جلتے ہیں اور جُمُعہ وغیرہ دینی اجتماعات پر اللہ تعالیٰ کی برکتیں اور رحمتیں نازِل ہوتی ہیں، لہٰذا گوشہ نشین شخص پر لازِم ہے کہ جُمُعہ، جماعَت و دینی اِجتِماعات میں عام مسلمانوں کے ساتھ شریک رہے۔

پیاری پیاری اِسْلامی بہنو! مسلمانوں کے اِجتماعات اِسْلام کی شان و شوکت کا مَظْہَر ہی نہیں بلکہ شَرْعی اَحکام سیکھنے کا بھی ایک بَہُت بڑا ذَرِیْعہ ہیں اور ان کیلئے اگر کوئی خاص دن مُتَعَیَّن کرلیا جائے تو ہر شخص کیلئے اس ایک دن جَمع ہونا بھی مُمکِن ہے۔ مَثَلاً جب مدینے میں اِسْلام کا پیغام عام ہوا اور شہر و اطراف سے لوگ جوق دَرْجوق دائرۂ اسلام میں داخل ہونے لگے تو حضرت سیِّدنا مُصْعَب بِنْ عُمَیْر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو بار گاہِ نبوّت سے نمازِ جُمعہ قائم کرنے کا حُکم اِرشَاد ہوا[1] تاکہ وہ اس دن تمام افراد کو اجتماعی طور پر اسلامی احکامات سکھائیں۔ اسی طرح حضرت سَیِّدُنا عبد اللہ بن مَسْعُود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے بھی جمعرات کا دن لوگوں کو وَعْظ و نصیحت کیلئے مَخْصُوص کر رکھا تھا۔[2] چُنانْچِہ وعظ و نصیحت کے اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے دَعْوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول میں ہفتہ وار اِجتماعات کی ترکیب کچھ یوں بنائی گئی ہے:

---

[۱] ........البدایہ والنہایہ، باب بدء اسلام الانصار، المجلد الثانی، ۳/۱۶۳

[۲] ........بخاری، کتاب العلم، باب من جعل لاھل العلم ایاما معلومۃ، ص۹۱، حدیث: ۷۰

## 5 ہفتہ وار سُنّتوں بھرا اجتماع

(ہدف فی ذیلی حلقہ: ہفتہ وار اجتماع 1 اور فی ذیلی حلقہ شرکائے اجتماع کم از کم 12 اسلامی بہنیں، اوّل تا آخر شرکت)

ہفتے میں کوئی ایک دن مُقَرَّر کر کے 2 گھنٹے کے دورانیے میں ذیلی حلقہ / حلقہ / علاقہ (شہر) سطح پر باپردہ مقام پر اسلامی بہنوں کا ہفتہ وار سُنّتوں بھرا اجتماع مُنْعَقِد کیا جاتا ہے۔ اس کے عِلاوہ ڈویژن سَطح پر ہر اتوار کو بھی اسلامی بہنوں کا اجتماع ہوتا ہے جس میں نگران شوریٰ یا مُختَلِف اراکینِ شوریٰ کے مَدَنی چینل پر Live بیانات کا سلسلہ ہوتا ہے۔

## ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع کی ترکیب

- ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع کے لئے سمجھدار، وَقت کی پابند، باصَلَاحِیَّت، احساسِ ذِمّہ داری رکھنے والی اسلامی بہن کو **اِجتِماع ذِمّہ دار** مُقَرَّر کیا جائے۔
- ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع کے لئے اسلامی بہنوں میں **مختلف ذِمّہ داریاں** تقسیم کی جائیں۔
- شُرکا اسلامی بہنوں کی خیر خواہی کے لئے ملنسار، نَرم خُو، وَقت کی پابند **خیر خواہ** اسلامی بہن مُقَرَّر کی جائے۔
- گُم شُدہ اشیا کے تَحَفُّظ کے لیے اَمانَت دار، وَقت کی پابند احساسِ ذِمّہ داری رکھنے والی اسلامی بہن کو ذِمّہ دار مُقَرَّر کیا جائے۔
- اسلامی بہنوں میں مائیک میگا فون، سی ڈی پلئیر (CD Player)، اِیکو ساؤنڈ وغیرہ کے اِستِعمال کی بالکل بھی اِجازَت نہیں، اس ضِمن میں شَیخِ طَرِیقَت، اَمِیرِ اَہلِسُنَّت دَامَتْ

بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ پردے کے بارے میں **سوال جواب** کے صفحہ 16 پر فرماتے ہیں: یاد رہے دَعْوتِ اسلامی کی طرف سے ہونے والے سُنّتوں بھرے اجتماعات اور اجتماعِ ذکر و نعت میں اسلامی بہنوں کے لاؤڈ اسپیکر کے اِستِعمال پر پابندی ہے، لہٰذا اسلامی بہنیں ذہن بنالیں کہ کچھ بھی ہو جائے نہ لاؤڈ اسپیکر میں بیان کرنا ہے اور نہ ہی اس میں نعت شریف پڑھنی ہے یاد رہے! غیر مردوں تک آواز پہنچتی ہو اس کے باوُجود بے باکی کے ساتھ بیان فرمانے اور نعتیں سنانے والی گناہگار اور ثواب کے بجائے عذابِ نار کی حقدار ہے (آواز کی بے پردگی کی وجہ سے اسلامی بہنوں کو نعرے لگانے کی اِجازت نہیں اس لیے اجتماع میں غیبت کے خلاف جنگ کا نعرہ بھی نہ لگایا جائے۔)

❀ اجتماع کے بعد نئی آنے والی اسلامی بہنوں سے آگے بڑھ کر پُر تپاک طریقے سے مُلاقات و انفرادی کوشش کرکے اپنے پاس نام رابطہ نمبر لکھ کر بعد میں رابطہ بھی رکھا جائے اور مَوقَع کی مُنَاسَبَت سے ترغیب دلائی جائے۔

## ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع کا جدول

| | | |
|---|---|---|
| 1 | تِلاوت | 3منٹ |
| 2 | نعت | 6منٹ |
| 3 | دَرْس | 7منٹ |
| 4 | دُعا یاد کروانا | 7منٹ |
| 5 | بیان مع سنت و اعلانات | 63منٹ |

| | | |
|---|---|---|
| 6 | درودِ پاک | 7 منٹ |
| 7 | ذکرودُعا | 20منٹ |
| 8 | صلوٰۃ وسلام | 4منٹ |
| 9 | مَجلِس کے اِختِتام کی دعا | 3منٹ |
| 10 | کل دورانیہ | 120منٹ ﴿2 گھنٹے﴾ |

سُنّتوں کی لُوٹنا جا کے مَتاع | ہو جہاں بھی سُنّتوں کا اجتماع [1]

## دعائے عطار

جو پابند ہے اجتماعات کا بھی | میں دیتا ہوں اس کو دُعائے مدینہ [2]

## 6 مدنی دورہ

(ہدف مَدَنی دورہ: فی ذیلی حلقہ ہفتہ وار 1 مَدَنی دورہ۔ ہدف: شرکا: کم از کم 2 یا 3 اسلامی بہنیں)

ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع سے ایک دن قَبْل **مَدَنی پھول برائے مَدَنی دورہ** میں دیئے گئے طریقۂ کار کے مُطابِق 72 منٹ کے دورانیے میں جان پہچان والی گلیوں میں پردے کی رعایتوں کے ساتھ گھر گھر جا کر اسلامی بہنوں کو نیکی کی دَعْوت پیش کی جاتی ہے اِسے **مَدَنی دورہ** کہا جاتا ہے۔

کرم سے نیکی کی دعوت کا خوب جذبہ دے | دُھوم سُنَّتِ محبوب کی مچا یا ربّ [3]

**صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد**

---

[1] ......وسائلِ بخشش (مُرَمَّم)، ص ۷۱۵

[2] ......وسائلِ بخشش (مُرَمَّم)، ص ۳۶۹

[3] ......وسائلِ بخشش (مُرَمَّم)، ص ۷۷

پیاری پیاری اِسلامی بہنو! نیکی کی دَعْوت حقیقت میں دَعْوتِ اسلامی کے مَدَنی مَاحول میں اِستعمال ہونے والی ایک خاص اِصطِلَاح ہے، جس سے مُراد نیکی کی دَعْوت دینا اور بُرائی سے روکنا ہے اور اس کے مُتَعلّق مَشْہور مُفَسّر قرآن، حکیم الاُمَّت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں: (نیکی کی دعوت) ہر شخص پر اس کے مَنْصَب (Status) کے حوالے سے اور حَسْبِ اِسْتِطاعَت واجِب ہے، اِس پر قرآن و سُنّت ناطِق ہے اور اِجماعِ اُمّت بھی ہے۔ (نیکی کی دَعْوَت) حکمرانوں، عُلَماو مشائخ بلکہ ہر مسلمان کی ذِمّہ داری ہے، اسے صِرف ایک طبقہ تک مَحْدُود کر دینا صحیح نہیں اور حقیقت یہ ہے کہ اگر ہر شخص اس کو اپنی ذِمّہ داری سمجھے تو معاشرہ نیکیوں کا گہوارہ بن سکتا ہے۔[1]

بُرائی کو بدلنے کے لیے ہر طبقے کو اس کی طَاقت کے مُطابق ذِمّہ داری سونپی گئی، کیونکہ اسلام میں کسی بھی انسان کو اس کی طَاقت سے زِیادہ تکلیف نہیں دی جاتی۔ اَرْبَابِ اِقْتِدار، اَساتِذہ (Teachers)، والدین (Parents) وغیرہ جو اپنے ماتحتوں کو کنٹرول (Control) کر سکتے ہیں وہ قانون (Law) پر سختی سے عَمَل کرا کے اور مُخالَفت کی صُورت میں سزا دے کر بُرائی کا خاتِمہ کر سکتے ہیں۔ مُبلِّغینِ اِسلام، عُلَماو مشائخ، ادیب و صحافی (Journalists) اور دیگر ذرائع اِبلاغ (Means of communication) مثلاً ریڈیو (Radio) اور ٹی وی وغیرہ سے سبھی لوگ اپنی تقریروں تحریروں بلکہ شُعَرا (Poets) اپنی نظموں (Poems) کے ذریعے بُرائی کا قلع قمع کریں اور نیکی کو فروغ دیں، بِلِسَانِہٖ (یعنی زبان سے نیکی کی دَعْوت

[1] ...... مراٰۃ المناجیح، نیک باتوں کا حکم دینا، پہلی فصل، ۶/۵۰۲

پیش کرنے) کے تحت یہ تمام صورتیں آتی ہیں اور عام مسلمان جسے اِقتِدار کی کوئی صُورت بھی حاصِل نہیں اور نہ ہی وہ تحریر و تقریر کے ذَرِیعے بُرائی کا خاتِمہ کر سکتا ہے وہ دل سے اس بُرائی کو بُرا سمجھے اگرچہ یہ ایمان کا کمزور ترین مرتبہ ہے کیونکہ کوشش کر کے زبان سے روکنا چاہئے لیکن دل سے بُرا سمجھے گا تو یقیناً خود بُرائی کے قریب نہیں جائے گا اور معاشرے (Society) کے بیشمار اَفراد خود بخود راہِ راست پر آجائیں گے۔[1]

پیاری پیاری اِسلَامی بہنو! بِلاشُبہ عِلْمِ دین **اللہ پاک کے پیارے حبیب، حبیبِ لبیب** صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی میراث ہے، جس کے حُصُول کے لیے ہر ایک کو کوشش کرنی چاہئے۔ جیسا کہ مَرْوِی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سَیِّدُنا ابو ہُرَیرہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ بازار میں تشریف لائے اور لوگوں سے اِرشاد فرمایا: لوگو! میں تمہیں یہاں دیکھ رہا ہوں حالانکہ وہاں **تاجدارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ** صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم **کی میراث** تقسیم ہو رہی ہے۔ تم جا کر اپنا حِصّہ کیوں وصول نہیں کرتے؟ یہ سُن کر لوگوں نے پوچھا کہ کہاں میراث تقسیم ہو رہی ہے؟ تو فرمایا: مَسْجِد میں۔ وہ جلدی جلدی مَسْجِد کی طرف چل دیئے، مگر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ وہیں رُکے رہے، واپَس آکر انہوں نے عَرْض کی: ہم نے تو وہاں کوئی میراث تقسیم ہوتے نہیں دیکھی۔ دَرْیافت فرمایا: پھر تم نے کیا دیکھا؟ عرض کی: ہم نے دیکھا کہ کچھ لوگ نماز پڑھ رہے ہیں تو کچھ تلاوت کر رہے ہیں اور کچھ عِلْمِ دِین حاصل کر رہے ہیں۔ اِس پر آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے فرمایا: یہی تو دو عالم کے مالک و مختار باذنِ پروردگار، مکّی مَدَنی سرکار

[1] ...... مراٰۃ المناجیح، نیک باتوں کا حکم دینا، پہلی فصل، ۵۰۳/۶

صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی میراث ہے۔[1]

**فرمانِ امیرِ اَہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ: دَعْوَتِ اِسلامی کا جو بڑے سے بڑا ذِمّہ دار مَدَنی دورہ میں ازابتِدا تا اِنتِہا شرکت نہیں کرتا، وہ میرے نزدیک سَخت غیر ذِمّہ داری کا مرتکِب ہے۔

(جو مَجبُور ہے وہ مَعذُور ہے) ہفتے میں ایک دن مَخصُوص کر کے اپنے ذیلی حلقے میں طریقۂ کار کے مُطابِق گھر گھر جا کر نیکی کی دَعْوَت ضرور دیں۔ اگر آپ اکیلے ہیں تو وادیٔ مِنیٰ میں تنہا، خیمہ خیمہ جا کر نیکی کی دَعْوَت دینے والے مکی مَدَنی مصطفےٰ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو یاد کریں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

# ماهانه 2 مدنی کام

## 7 ماہانہ تربیتی حلقہ

(ہدف حلقہ: فی ڈویژن) (ہدف شرکا حلقہ: فی ذیلی حلقہ 7 اسلامی بہنیں)

عیسوی ماہ کی تیسری جمعرات ڈویژن سَطح پر 3 گھنٹے کے دورانیے میں ذِمّہ داران اور دیگر اسلامی بہنوں کو مَدَنی مرکز کے دیئے ہوئے طریقۂ کار کے مُطابِق وُضو، غسل، نماز، سُنّتیں، دعائیں، اسلامی بہنوں کے شَرْعی مسائل وغیرہ، درس و بیان کا طریقۂ کار اور دَعْوتِ اسلامی کی اصطلاحات و دُرُست تَلَفُّظ سکھائے جاتے، نیز شجرۂ عالیہ کے اوراد و وظائف بھی یاد کروائے جاتے ہیں اور انفرادی کوشش کے ذَرِیعے مَدَنی کام بڑھانے کا ذہن دینے کے ساتھ ساتھ مَدَنی کام سمجھا کر کوئی ذِمّہ داری سونپ دی جاتی ہے اسے **ماہانہ تربیتی حلقہ** کہتے ہیں۔

[1] ......معجم اوسط، باب الالف، من اسمہ احمد، ۱/ ۳۹۰، حدیث: ۱۴۲۹

## خواہش امیر اہل سنت دَامَتْ بَرَكَاتُهُمُ الْعَالِيَه

شَیخِ طَرِیقت، اَمِیرِ اَہلِسُنَّت دَامَتْ بَرَكَاتُهُمُ الْعَالِيَه کی خواہش ہے کہ دَعوتِ اسلامی کو چلانے والے، اس کا مَدَنی کام کرنے والے تَربیت یافتہ ہوں۔

❀ ماہانہ تربیتی حلقہ ذِمّہ داران کی مَدَنی تَربیت کا ایک اہم اور بہترین ذَرِیعہ ہے۔

پیاری پیاری اِسلامی بہنو! دنیا و آخِرت کی بہتری کے لئے شَیخِ طَرِیقت، اَمِیرِ اَہلِسُنَّت دَامَتْ بَرَكَاتُهُمُ الْعَالِيَه کے عطا کردہ اس مَدَنی مَقْصد کو اپنالیں کہ **مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے: اِنْ شَآءَاللّٰه عَزَّوَجَلَّ** چُنانچہ اِس مَدَنی مقصد کے حُصُول کا جو آسان ترین راستہ ہے اس کے لئے ماہانہ مَدَنی کام مَدَنی اِنْعامات پر عَمَل اور دوسری اسلامی بہنوں کو اس کی ترغیب ضروری ہے۔

## 8 مدنی انعامات

(ہدف: فی ذیلی حلقہ 12 اسلامی بہنیں)

**شَیخِ طَرِیقت، اَمِیرِ اَہلِسُنَّت** دَامَتْ بَرَكَاتُهُمُ الْعَالِيَه نے اِس پُرفتن دور میں نیکیاں کرنے گناہوں سے بچنے کے طریقوں پر مُشتَمِل شَرِیعت وطَرِیقت کا جامع مجموعہ اسلامی بہنوں کے لئے 63 مَدَنی اِنْعامات بصُورتِ سُوالات (Questions) عَطا فرمایا ہے۔ چُنانچہ اپنی اِصلاح کے لیے خود بھی ان مَدَنی اِنْعامات پر عَمَل کیجئے اور انفرادی کوشش کرنے والے مَدَنی انعام پر عَمَل کے ذَرِیعے ہر ماہ مَدَنی اِنْعامات کے کم از کم 26 رسائل تقسیم کرکے وُصول فرمانے کی بھی کوشش کیجئے۔

## مَدَنی انعامات کے متعلق فرامینِ امیرِ اہلِ سُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ

شَیْخِ طَرِیْقت، اَمِیْرِ اَہلسُنَّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ مَدَنی اِنْعامات کی اَہَمِیَّت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: جب مجھے مَعْلُوم ہوتا ہے کہ فلاں اسلامی بھائی یا اسلامی بہن کا مَدَنی اِنْعامات پر عَمَل ہے تو دل باغ باغ بلکہ باغِ مدینہ ہو جاتا ہے۔ یا سُنّتا ہوں کہ فلاں نے زبان اور آنکھوں کا یا ان میں سے کسی ایک کا قفلِ مدینہ لگایا ہے تو عجیب کیف و سُرُور حاصل ہوتا ہے۔

جو کوئی مَدَنی اِنْعَامات کے مُطابِق اِخلاص کے ساتھ **اللہ** پاک کی رضا کے لیے عَمَل کرے گا تو وہ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ **اللہ** پاک کا پیارا بن جائے گا۔

مَدَنی اِنْعَامات کے مُطابِق زِنْدَگی گزارنا چُونکہ دنیا و آخِرَت کے بے شُمار فوائد پر مُشْتَمِل ہے لہٰذا شیطان اس بات کی بھرپور کوشش کرے گا کہ آپ کو اِسْتِقَامَت نہ ملے، مگر آپ ہِمَّت نہ ہاریں اور مہربانی فرما کر دوسری اِسلامی بہنوں کو بھی مَدَنی اِنْعَامات کے مُطابِق عَمَل کرنے کی ترغیب دِلاتی رہیں، دو ایک بار کہنے سے اگر کوئی عَمَل نہ کرے تو مَایُوس نہ ہو جایا کریں، بلکہ مُسَلْسَل کہتی رہیں۔ کانوں میں بار بار پڑنے والی بات کبھی نہ کبھی دل میں بھی اُتر ہی جائے گی۔ یاد رکھیں اگر ایک بھی اسلامی بہن نے آپ کے سمجھانے پر عَمَل شروع کر دیا تو اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کے لئے ثوابِ جاریہ ہو جائے گا، آپ کو سُکونِ قَلْب حاصِل ہو گا اور اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کے علاقے میں قرآن و سُنّت کا مَدَنی کام نہ صرف چلے گا بلکہ دوڑے گا، نہیں نہیں اس کو تو پَر لگ جائیں گے اور بے ساختہ مدینہ منوّرہ کی طرف اُڑنا شروع کر دے گا اور اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ دونوں جہاں میں آپ کا بیڑا پار ہو گا۔

مَدَنی اِنْعامات پر کرتا ہے جو کوئی عمل | تو ولی اپنا بنالے اُس کو ربِّ لَمْ یَزَل [1]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## مدنی بہار

بابُ المدینہ (کراچی) کی ایک اسلامی بہن کے حلفیہ بیان کا خلاصہ ہے کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ! ہمارا گھرانہ **آقائے نعمت، مجدّدِ دین وملّت مولانا شاہ احمد رضا خان** عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کے ایک عظیم المرتبت خلیفہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کی اولاد سے ہے۔ **سیّدی اعلیٰ حضرت** عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کے وہ خلیفہ مکرّم میری والدہ محترمہ کے نانا جان تھے اور ہمارے تمام اَہلِ خانہ اُنہی کے دَستِ مُبارک پر بَیْعَت تھے۔ ان سے بَیْعَت کی بَرَکت سے اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ! **سیّدی اعلیٰ حضرت** عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کی مَحَبَّت وعقیدت رگ وپے میں سرایت کئے ہوئے تھی، لیکن عملی زندگی میں ہماری مِثال کورے کاغذ کی سی تھی، بِالْخُصُوص نمازوں کی پابندی سے محرومی تھی نیز فیشن پرستی اور گانے باجے سُننے کی نُحُوست چھائی تھی، غصہ اور چڑچڑاپن ہماری عادتِ ثانیہ تھی۔ میرے پھوپھی زاد بھائی نے (جو کہ دَعْوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول سے وابستہ تھے) انفرادی کوشش کرتے ہوئے میرے بھائی کو بھی دَعْوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع میں شِرْکت کی نہ صرف دَعْوت دی بلکہ اپنے ساتھ لے جانا شروع کر دیا۔ بھائی جان اجتماع سے واپسی پر اجتماع کی رُوداد سُناتے جس میں **سیّدی اعلیٰ حضرت** عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کا ذکرِ خیر سُننے کو ملتا جس کی وجہ سے مجھے دَعْوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول سے اپنائیت سی محسوس ہونے لگی۔

---

[1] ........ وسائلِ بخشش (مُرَمَّم)، ص ۶۳۵

# ماخذ و مراجع


| | |
|---|---|
| قرآن مجید | ***** |
| **کتاب** | **مطبوعہ** |
| کنز الایمان | مکتبۃ المدینہ، باب المدینہ کراچی ۱۴۳۲ھ |
| مؤطا امام مالک | دار المعرفہ بیروت ۱۴۳۳ھ |
| مسند احمد | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۹ھ |
| صحیح البخاری | دار المعرفہ بیروت ۱۴۲۸ھ |
| سنن الترمذی | دار الکتب العلمیہ بیروت 2008ء |
| المعجم الکبیر | دار الکتب العلمیہ بیروت 2007ء |
| المعجم الاوسط | دار الفکر عمان ۱۴۲۰ھ |
| مرأۃ المناجیح | نعیمی کتب خانہ گجرات |
| مکاشفۃ القلوب | کوئٹہ پاکستان |
| الطبقات الکبرٰی لابن سعد | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۰ھ |
| حلیۃ الاولیاء | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۷ھ |
| البدایۃ والنھایہ | دار المعرفہ بیروت ۱۴۲۶ھ |
| ذوق نعت | شبیر برادرز لاہور |
| وسائلِ بخشش مرمّم | مکتبۃ المدینہ، باب المدینہ کراچی ۱۴۳۶ھ |
| انفرادی کوشش | مکتبۃ المدینہ، باب المدینہ کراچی ۱۴۳۵ھ |

# فہرست


| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| درود شریف کی فضیلت | 1 | "فیضانِ مَدَنی مُذاکرہ جاری رہے گا" کے 24 حُروف کی نِسبت سے مجلس مَدَنی مُذاکرہ کے چوبیس مَدَنی پھول ﴿عالمی مجلس مشاورت (دعوت اسلامی)﴾ | 20 |
| نیکی کی دَعْوت کا مَدَنی سَفَر | 1 | | |
| انفرادی کوشش کا نتیجہ | 4 | | |
| دَعْوتِ اِسلامی کا مَدَنی سَفَر | 5 | | |
| سب سے پہلا مدنی کام | 6 | 4 مَدْرَسَۃُ الْمَدِینہ بالِغات | 31 |
| دَعْوتِ اِسلامی کی تنظیمی ترکیب | 7 | ہفتہ وار 2 مدنی کام | 33 |
| ذیلی حلقہ کسے کہتے ہیں؟ | 8 | 5 ہفتہ وار سُنّتوں بھرا اجتماع | 34 |
| آٹھ مدنی کاموں کی مختصر وضاحت | 9 | ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع کی ترکیب | 34 |
| روزانہ کے 4 مدنی کام | 9 | ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع کا جدول | 35 |
| 1 انفرادی کوشش | 9 | دعائے عطار | 36 |
| انفرادی کوشش کی اہمیت | 10 | 6 مدنی دورہ | 36 |
| 2 گھر درس | 11 | ماہانہ 2 مدنی کام | 39 |
| گھر درس کے 14 مدنی پھول | 12 | 7 ماہانہ تربیتی حلقہ | 39 |
| گھر میں درس دینے کے مقاصد | 15 | خواہش امیر اہل سنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ | 40 |
| مدنی درس دینے کا طریقہ | 15 | 8 مدنی انعامات | 40 |
| مدنی درس کے آخر میں اِس طرح ترغیب دلائیے! | 16 | مَدَنی انعامات کے متعلق فرامینِ امیرِ اہلِ سُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ | 41 |
| 3 بیان یا مدنی مذاکرہ | 19 | مدنی بہار | 42 |